Alberta

نیوز ریلیز

کمیونٹی جسٹس میں نمایاں کوششیں کرنے والوں کو نامزد کریں

19 جنوری، 2023ء

البرٹنز کو ایسے افراد اور تنظیمیوں کو نامزد کرنے کی دعوت دی جاتی ہے جنہوں نے البرٹا کی کمیونٹیز کو محفوظ بنایا ہے۔

ہر سال، البرٹا کی حکومت کمیونٹی کی سطح پر نمایاں قیادت اور کوششوں کو البرٹا کمیونٹی جسٹس ایوارڈز کے ذریعے تسلیم کرتی ہے جو جرائم کی روک تھام اور ہماری کمیونٹیز کی حفاظت کرتی ہیں۔ اب 2023ء ایوارڈز کے لئے نامزدگیاں جاری ہیں۔

"حقیقی مؤثر جرائم کی روک تھام ہر سطح پر ہوتی ہے – قانون نافذ کرنے والے اداروں سے لیکر آپ کی کمیونٹی میں آپ کے ہمسایوں تک۔ ان ایوارڈز کے ذریعے، البرٹا کی حکومت کمیونٹی کے ان ممبران کو اعزاز بخشتی اور ان کا شکریہ ادا کرتی ہے جو اپنے ساتھی البرٹنز کو محفوظ رکھنے کے لئے انتھک محنت کرتے ہیں۔"

ٹائلر شینڈرو (Tyler Shandro)، وزیرِ انصاف اور سالیسٹر جنرل

نامزد افراد میں یُوتھ جسٹس کمیٹیاں، بحالی انصاف کے پروگرام، متاثرین کی خدمات کے گروپ، پولیس افسران یا ایسے لوگ شامل ہو سکتے ہیں جنہوں نے کمیونٹی جسٹس میں غیر معمولی حصہ لیا ہے۔

البرٹنز چار کیٹیگریز میں ایوارڈ کی نامزدگیاں جمع کروا سکتے ہیں:

- ابھرتی ہوئی فضیلت
- اختراع
- خدمات میں بہتری
- شراکت داری اور تعاون

البرٹنز جو کسی فرد یا تنظیم کو نامزد کرنا چاہتے ہیں انہیں 10 فروری کو دوپہر تک نامزدگی جمع کروا دینی چاہئے۔

متعلقہ معلومات

- البرٹا کمیونٹی جسٹس ایوارڈز
- نامزدگی کا فارم: البرٹا کمیونٹی جسٹس ایوارڈز